حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

سید ذوالکفل بخاری

اسلامی عبادات :

مؤلف : حضرت مولانا محمد اسحاق صدیقی مدظلہٗ

ناشر : مکتبہ سیدیہ، ۲۲۲ کورٹ تغلق شاہ، ملتان شہر

قیمت : ۱۰ روپے ، ضخامت : ۵۲ صفحات

اس کتاب کے مؤلف مدظلہٗ کی علمی شخصیت اہلِ سنت کے علماء اور دانشوروں کے لئے چنداں محتاجِ تعارف نہیں ہے، حضرت مولانا ، یادگارِ زمانہ اور یادگارِ اسلاف ہستیوں میں سے ہیں ، اس لئے بھی کہ علامہ سید سلیمان ندوی رح اور علامہ سید یوسف بنوری رح کے صدیقِ مکرم ہیں ۔ اُن کا قلم ، طرزِ ابلاغ اور اسلوبِ اظہار کے اُن محاسن و معائر کا امین و پاسدار ہے کہ جو ابہام کی سادگی ، سہولت اور شرعت سے عبارت ہیں ۔ زیرِ نظر کتاب حضرت مولانا نے بظاہر ایک عام سے موضوع پر تحریر فرمائی ہے لیکن اثنائے مطالعہ قاری یہ باور کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ اسلامی عبادات کی غایت و حکمت اور منشاء و مفہوم کا ہر بیان ، مولانا کے اس بیان کے بنا یقیناً ادھورا ہے ۔ نماز ، روزہ ، حج اور زکوٰۃ کو انسان کا فطری تقاضا اور لازمۂ حیات ثابت کرنا اور اس طور کہ جدید ذہنوں کی سیرابی میں کوئی کسر باقی نہ رہے ـــــ یہی اس کتاب کا کمال ہے ۔ صوری و معنوی خوبیوں سے آراستہ اس کتاب کو گھر گھر پڑھا جانا چاہئیے ۔

آسان عروض :

مؤلف : پروفیسر ڈاکٹر محمد امین

ناشر : بک گیلری پبلشرز ، ۵ ، گلدین کالونی ، ملتان

قیمت : ۵ روپے ، ضخامت : ۳۲ صفحات

"عروض ایک معیاری علم ہے جو شعر کو پرکھنے کے لئے اوزان کا معیار مقرر کرتا ہے ۔ جن کے ذریعے سے شعر کی موزونیت اور ناموزونیت کا فیصلہ کیا جاتا ہے ، شعر کی اصلاح کے لئے عروض کا جاننا ضروری ہے" تعارفِ کتاب کے ان جملوں میں ہم صرف اس قدر اضافہ کریں گے کہ عروض پر اس سے زیادہ آسان اور واضح انداز میں شاید کبھی نہیں لکھا گیا ۔ اس لئے اُن خواتین و حضرات کو ضرور اس کا مطالعہ کرنا چاہئیے کہ جو شاعری کو ذریعۂ عزت بنانے کی فکر میں ہیں ۔